سوال

(254)احرام باندھ کر مخصوص نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عام طور پر ہمارے ہاں حج یا عمرہ کا احرام باندھنے کے بعد دو رکعت پڑھی جاتی ہیں، کیا احرام کی کوئی مخصوص نماز ہے جس کا کتاب وسنت میں ثبوت ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کتاب وسنت میں کوئی ایسی نماز نہیں ہے جو احرام حج یا عمرہ کے لیے مخصوص ہو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوالحلیفہ میں احرام کے بعد جو دو رکعت پڑھی تھیں وہ فرض نماز کی تھیں، ان کا احرام کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے، اس بنا پر افضل یہ ہے کہ کسی فرض نماز کے وقت احرام باندھے اور اس کے بعد فرض نماز ادا کرے، اس طرح اگر نماز چاشت کا وقت ہو تو نماز چاشت کی دو رکعت پڑھ لے، اگر چاشت کا وقت نہ ہو تو وضو کی دو رکعت پڑھ لے، لیکن ایسی نماز جس کا تعلق احرام سے ہو اور احرام کی وجہ سے اسے پڑھا جاتا ہو، کتاب وسنت میں اس کا کوئی وجود نہیں ہے۔ (واللہ اعلم)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:3، صفحہ نمبر:230

محدث فتویٰ